ABC CERTIFIED
آڈٹ بیورو آف سرکولیشن سے باقاعدہ تصدیق شدہ روزنامہ
بے باک صحافت کا ترجمان (اطلاعات)
DAILY ETTELAAT KARACHI
روزنامہ اطلاعات کراچی
بانی سیدہ زاہدہ سلطانہ
چیف ایڈیٹر طاہر ملک
ایڈیٹر: میاں طارق جاوید
ETTELAATKHI@GMAIL.COM
جلد نمبر: 27 | 06 ربیع الثانی 1448 ہفتہ 19 2026ء | قیمت 10 روپے | شمارہ: 163

بلوچستان، خیبر پختونخوا: فورسز کی کارروائیاں 17 دہشتگرد ڈھیر، 6 جوان شہید

آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت بلوچستان میں دہشت گردوں کے خلاف بھرپور کارروائیاں جاری ہیں، مختلف کارروائیوں میں مزید 7 دہشت گرد مارے گئے

فورسز کی کارروائیوں میں ہلاک ہونے والے بھارت کے حمایت یافتہ خوارج کے قبضے سے اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد کیا گیا ہے' آئی ایس پی آر

کوئٹہ (بیورو رپورٹ) خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں سکیورٹی فورسز کی مختلف کارروائیوں کے دوران 17 دہشت گرد مارے گئے جبکہ فورسز کے 6 جوان شہید ہو گئے۔ سکیورٹی فورسز کی آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت بلوچستان میں دہشت گردوں کے خلاف بھرپور کارروائیاں جاری ہیں، مزید 7 دہشت گرد مارے گئے۔ سکیورٹی ذرائع نے بتایا کہ مکوروکے علاقے تخ علی میں سکیورٹی فورسز نے فتنہ الہندوستان کے 5 دہشت گرد ہلاک کر دیے، کارروائی کے دوران ہلاک

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21

قابل دست اندازی جرم کی اطلاع پر مقدمے کا حکم جاری

مقدمہ اندراج میں تاخیر پر آئی جی سمیت دیگر افسران کے خلاف کارروائی ہوگی، فیصلہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سپریم کورٹ نے قابل دست اندازی جرم کی اطلاع ملنے پر فوری مقدمہ اندراج کا اہم فیصلہ جاری کر دیا۔ سپریم کورٹ کے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24

وزیراعظم ٹاسک فورس کی اصلاحات کے تحت کے پی ٹی اور پپری ریلوے لنک کی بحالی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وزیراعظم ٹاسک

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23

IMF مذاکرات، بجلی کی بنیادی قیمت میں ردوبدل بھی متوقع

آئی ایم ایف کے ساتھ چوتھے اقتصادی جائزے کیلئے مذاکرات اگلے ہفتے ہوں گے

کراچی (ویب ڈیسک) حکومت اور عالمی مالیاتی ادارہ (آئی ایم ایف) کے درمیان چوتھے اقتصادی جائزے کے لیے مذاکرات آئندہ ہفتے ہوں

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22



لاہور، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کینسر سینٹر کی اوپی ڈی، آئی سی یو اور دیگر وارڈز کا دورہ کر رہی ہیں، ریڈیو تھراپی بنکر، پروڈکشن لیب اور جدید مشین کا بھی معائنہ کیا

کوہاٹ پولیس لائنز مسجد لہولہان: پولیس اہلکاروں سمیت 21 افراد شہید، 130 زخمی

سی ٹی ڈی کا فتنہ الخوارج سے مقابلہ جاری ہے، دھماکے کے بعد حملہ آور نے اسپیشل برانچ بلڈنگ کے قریب خود کو دھماکے سے اڑایا، اسپتالوں میں ایمرجنسی نافذ کر دی گئی

خودکش بمبار اور اسنائپر سمیت 6 دہشت گرد جہنم واصل ہو چکے ہیں، دہشت گردوں کے خلاف کلیئرنس آپریشن آخری مراحل میں داخل ہو گیا، پولیس ذرائع

پشاور (بیورو رپورٹ) خیبر پختونخوا کے ضلع کوہاٹ میں پشاور روڈ پر پرانی پولیس لائنز میں نماز جمعہ کے دوران دھماکے کے نتیجے میں 5 پولیس اہلکاروں سمیت 16 افراد شہید ہو گئے جب کہ دھماکے میں 57 افراد زخمی ہیں۔ پولیس ذرائع نے کہا کہ دھماکے کے نتیجے میں 5 پولیس اہلکاروں سمیت 16 افراد شہید ہو گئے جب کہ دھماکے میں 57 افراد زخمی ہیں۔ ترجمان ریسکیو 1122 خیبر پختونخوا بلال احمد فیضی نے کہا کہ پرانی پولیس لائن کے قریب دھماکے کے بعد ریسکیو 1122 کا

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25

ڈیلرز کے بعد تیل کمپنیوں کا بھی مارجن بڑھانے کا مطالبہ

کمپنیوں کے 66 ارب روپے کے پرائس کلیمز مارچ سے زیر التوا، اوگرا کو فوری ادائیگی کیلئے خط لکھ دیا

کمپنیاں شدید مالی دباؤ کا شکار، خطے کی کشیدہ صورتحال کے باعث سپلائی چین کو پہلے ہی مشکلات کا سامنا ہے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ڈیلرز کے مارجن میں اضافے کے بعد آئل مارکیٹنگ کمپنیوں نے بھی اپنے مارجن میں فوری اضافے کا مطالبہ کر دیا۔ آئل کمپنیز ایڈوائزری کونسل نے چیئرمین اوگرا کو خط ارسال کیا

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27



اسلام آباد، وزیر داخلہ محسن نقوی وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری کے ہمراہ پریس کانفرنس کر رہے ہیں

وزیر اعلیٰ سندھ: دہشتگرد قوم کا عزم متزلزل نہیں کر سکتے

کوہاٹ پولیس لائنز مسجد خودکش حملہ افسوسناک اور قابل مذمت ہے، وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ

دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پولیس اور شہریوں کی قربانیاں ناقابل فراموش ہیں، جاری بیان

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے کوہاٹ پولیس لائن میں نماز جمعہ کے دوران خودکش حملے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے واقعے کی شدید مذمت کی ہے۔

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26

کشیدگی میں پھر اضافہ: ایرانی پاسداران انقلاب کا آبنائے ہرمز میں آئل ٹینکر پر حملہ

بحری جہازوں کی آمد و رفت پر نظر رکھنے والے ادارے نے بھی آبنائے ہرمز میں ایک جہاز پر پراجیکٹائل لگنے کی تصدیق کی ہے

ٹینکر کی درست پوزیشن، استعمال کیے گئے ہتھیار یا جہاز کے عملے کی صورتحال کے بارے میں معلومات فراہم نہیں کیں، ایرانی میڈیا

تہران (مانیٹرنگ ڈیسک) ایران کے پاسداران انقلاب نے آبنائے ہرمز میں ٹوگو کے پرچم والے ایک آئل ٹینکر کو نشانہ بنایا اور اس پر قبضہ کرنے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41

محسن نقوی: کوئی غلط فہمی میں نہ رہے، اسلام آباد بند کرنے کی اجازت نہیں دی جا سکتی

قانون نافذ کرنے والے اداروں کو وضاحت کی ہے کہ اگر کوئی نکلنے کی کوشش کرے تو ہر ممکن طریقے سے روکیں گے، وفاقی وزیر داخلہ

ماضی میں ہمارے بہت زیادہ نقصان ہوتے رہے ہیں اور دوسری طرف سے اسلحہ استعمال کیا گیا ہے، اسلام آباد میں پریس کانفرنس

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیر داخلہ محسن نقوی نے اسلام آباد کی طرف لانگ مارچ کے اعلان کے حوالے سے خبردار کرتے ہوئے کہا ہے کہ اسلام آباد پالیسی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28

مختلف پولیس مقابلے، ایک ڈاکو ہلاک، 6 زخمیوں سمیت 14 ملزمان گرفتار

رحمانیہ موڑ نارتھ کراچی کے قریب مقابلے کے بعد ہاشم نامی ڈاکو کو زخمی حالت میں گرفتار کیا

آصف، شاہد، رحمت اور محمد آغا نامی 4 ملزمان کو گرفتار کیا گیا، جن میں آصف اور شاہد زخمی ہیں

کراچی (کرائم رپورٹر) شہر کے مختلف علاقوں میں پولیس اور ڈاکوؤں کے درمیان مبینہ مقابلوں میں ایک ڈاکو ہلاک جبکہ 14 ملزمان کو گرفتار کر لیا گیا، جن میں 6 زخمی حالت میں گرفتار کیے گئے۔

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29



کراچی، گورنر سندھ نہال ہاشمی کے سسر سید امام رضا کریم کے انتقال پر چینی قائم مقام قونصل جنرل اظہار تعزیت کر رہے ہیں

ایم کیو ایم پاکستان: مقامی حکومتوں کو مالی اختیارات دیے جائیں

مالی خودمختاری نہ ہونے کے باعث شہری بنیادی سہولیات سے محروم ہیں، نسرین جلیل کا وزیراعظم شہباز شریف کو خط

مالی خودمختاری کیلئے خصوصی انتظامات کا مطالبہ، خط کی کاپیاں وزیر خزانہ، آئی ایم ایف اور عالمی بینک کو بھی ارسال

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ایم کیو ایم پاکستان نے مقامی حکومتوں کو مالی اختیارات دینے کے مطالبے پر وزیراعظم شہباز شریف کو خط لکھ دیا۔

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33

شرجیل میمن کے حکم پر پیپلز بس سروس کا دائرہ مختلف شہروں تک وسیع

لاڑکانہ، قمبر اور شہدادکوٹ کیلئے پیپلز بس سروس کا نیا روٹ شروع کر رہے ہیں، سینئر وزیر

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سینئر وزیر سندھ شرجیل انعام میمن کی ہدایات پر لاڑکانہ، قمبر اور شہدادکوٹ کے شہریوں کیلئے پیپلز بس سروس کے نئے روٹ کا آغاز کر دیا گیا۔

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30

BRT کے سابق پروجیکٹ ڈائریکٹر ضمیر عباسی کی اہلیہ کی حفاظتی ضمانت منظور

ایف آئی اے کو گرفتاری سے روک دیا گیا

کراچی (کرائم رپورٹر) بی آر ٹی ریڈ لائن منصوبے کے سابق پروجیکٹ ڈائریکٹر ضمیر عباسی کی اہلیہ علینہ ضمیر احمد نے گرفتاری کے خدشے کے پیش نظر سندھ ہائیکورٹ سے رجوع کر لیا، عدالت نے ان کی 10 روز کے لیے حفاظتی ضمانت منظور کرتے ہوئے ایف آئی اے کو گرفتاری سے روک دیا۔

کورنگی میں زیر تعمیر عمارت سے گر کر نوجوان مزدور جاں بحق

کورنگی نمبر 4 میں واقعہ، متوفی کی شناخت 19 سالہ اللہ بخش کے نام سے ہوئی، مزید جانچ جاری

کراچی (کرائم رپورٹر) کورنگی نمبر 4 میں زیر تعمیر عمارت کی دوسری منزل سے گر کر 19 سالہ مزدور جاں بحق ہو گیا۔

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32

شارع فیصل حادثہ، کم عمر ڈرائیور کی ویڈیو سامنے آ گئی

19 سالہ ذیشان کی ہلاکت کے بعد خاتون نے گاڑی چلانے کا دعویٰ کیا

کراچی (کرائم رپورٹر) شارع فیصل میٹروپول کے قریب تیز رفتار گاڑی کی ٹکر سے موٹر سائیکل سوار 19 سالہ نوجوان ذیشان کی ہلاکت کے واقعے کی سی سی ٹی وی فوٹیج سامنے آ گئی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31

سندھ ہائی کورٹ نے میر رضا کے بینک اکاؤنٹس کی تفصیلات مانگ لیں، اسٹیٹ بینک سے جواب طلب

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ ہائیکورٹ نے میر رضا کے بینک اکاؤنٹس اور مالی لین دین کی تفصیلات کے حصول سے متعلق تفتیشی حکام کی درخواست پر اسٹیٹ بینک آف پاکستان سے جواب طلب کر لیا۔

کراچی میں منشیات کا بڑا نیٹ ورک پکڑا گیا، 19 کلو آئس برآمد

منشیات کی مالیت 25 کروڑ روپے، خاتون سمیت 2 ملزمان گرفتار کر لئے، ڈی آئی جی فرخ نجار

کراچی (کرائم رپورٹر) کراچی پولیس نے منشیات کی ترسیل کے بڑے نیٹ ورک کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 19 کلوگرام آئس برآمد کر لی، جس کی مالیت 25 کروڑ روپے ہے۔

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34



کراچی، گورنر سندھ نہال ہاشمی کے سسر کے انتقال پر ڈپٹی اسپیکر شرمیلا فاروقی، رحمٰن اور رکن سندھ اسمبلی سعدیہ جاوید فاتحہ خوانی کر رہی ہیں



کراچی، ایف آئی اے کی جانب سے غیر قانونی حوالہ ہنڈی ڈیلرز کے خلاف کریک ڈاؤن میں گرفتار ملزمان

ضیاء لنجار: منشیات ترسیل کے نیٹ ورک کو بے نقاب کیا جائے

19 کلو منشیات برآمد، وزیر داخلہ سندھ کی پولیس کو شاباش، منشیات کے منظم گروہ کے خلاف کارروائی اہم پیش رفت ہے، وزیر داخلہ سندھ

بلا امتیاز کارروائیاں جاری رکھی جائیں اور گرفتار ملزمان سے مزید تفتیش کر کے نیٹ ورک سے وابستہ دیگر عناصر کو بھی قانون کی گرفت میں لایا جائے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وزیر داخلہ سندھ ضیاء الحسن لنجار نے منشیات کے بڑے نیٹ ورک کے خلاف کامیاب کارروائی پر پولیس افسران اور اہلکاروں کو شاباش دیتے ہوئے کہا ہے کہ منشیات کی ترسیل اور فروخت میں ملوث منظم گروہ کے خلاف کارروائی اہم پیش رفت ہے۔

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35

ڈکیتی میں چھینی گئی موٹر سائیکل ٹریکر کی مدد سے برآمد

مددگار 15 ناظم آباد کی ڈکیتی کی اطلاع پر بروقت کارروائی، مقدمہ درج، تفتیش جاری

کراچی (کرائم رپورٹر) پولیس مددگار 15 ناظم آباد نے ڈکیتی کی اطلاع پر بروقت کارروائی کرتے ہوئے شہری سے چھینی گئی موٹر سائیکل ٹریکر کی مدد سے برآمد کر لی۔

کراچی میں غیر قانونی ہنڈی حوالہ میں ملوث 3 ملزمان گرفتار

32 لاکھ روپے نقد اور ہنڈی حوالے سے متعلق چیٹس و ریکارڈ پر مشتمل 3 موبائل فون برآمد کر لیے گئے

کراچی (کرائم رپورٹر) وفاقی تحقیقاتی ادارے (ایف آئی اے) اینٹی کرپشن سرکل کراچی نے غیر قانونی ہنڈی حوالہ کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 3 ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ ایف آئی اے کے مطابق مقدمہ نمبر 85/2026 کے سلسلے میں ٹیم نے صدر میں موبائل مارکیٹ کے قریب کارروائی کی۔

ایف بی ایریا میں موٹر سائیکل سوار ڈاکوؤں کی شہریوں سے لوٹ مار

کراچی (کرائم رپورٹر) کراچی کے علاقے ایف بی ایریا بلاک 9 میں موٹر سائیکل سوار ڈاکو متعدد شہریوں کو لوٹ کر فرار ہو گئے۔ پولیس کے مطابق ملزمان نے ایک شہری سے بیگ جبکہ دوسرے سے نقدی اور موبائل فون چھین لیا۔

وزیر اعلیٰ سندھ سے جرمن کمشنر برائے مذہبی آزادی کی ملاقات

ملاقات میں رواداری اور بین المذاہب ہم آہنگی پر تبادلہ خیال، تعاون بڑھانے پر اتفاق

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ سے جرمن کمشنر برائے مذہبی آزادی تھامس رٹچل نے وفد کے ہمراہ ملاقات کی، جس میں مذہبی آزادی، انسانی حقوق، رواداری اور بین المذاہب ہم آہنگی کے فروغ پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39

میر رضا کیس، سابق تفتیشی افسر شبیر لغاری کا بیان ریکارڈ

جوڈیشل کمیشن نے سینئر پولیس افسران سے تحریری جواب لینے کا فیصلہ کر لیا، تفتیشی ذرائع

میر رضا کے بزنس پارٹنر احمد کو اہل خانہ سے ملاقات کے بعد حلف نامہ جمع کرانے کی اجازت

کراچی (کرائم رپورٹر) میر رضا کیس کی تحقیقات کے لیے قائم جوڈیشل کمیشن نے سینئر پولیس افسران کو طلب کرنے کے بجائے ان سے تحریری جواب لینے کا فیصلہ کر لیا۔

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36

شہر قائد میں ٹریفک حادثات کے نتیجے میں 2 موٹر سائیکل سوار جاں بحق

کراچی (کرائم رپورٹر) شہر میں مختلف مقامات پر ٹریفک حادثات کے نتیجے میں 2 موٹر سائیکل سوار جاں بحق ہو گئے۔ پولیس کے مطابق آواری ٹاور کے قریب کار کی ٹکر سے موٹر سائیکل سوار 19 سالہ ذیشان جاں بحق ہو گیا۔

سابق پروجیکٹ ڈائریکٹر ضمیر عباسی مشتبہ ٹرانزیکشن پر گرفتار

ایف آئی اے کمرشل بینکس سرکل نے حوالہ ہنڈی کیس میں ڈیفنس سے گرفتار کیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ایف آئی اے کمرشل بینکس سرکل نے بی آر ٹی ریڈ لائن منصوبے کے سابق پروجیکٹ ڈائریکٹر ضمیر عباسی کو مشتبہ ٹرانزیکشن کے کیس میں گرفتار کر لیا۔

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40



کراچی، وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ سے جرمن حکومت کے وفاقی کمشنر تھامس رٹچل وزیر اعلیٰ ہاؤس میں ملاقات کر رہے ہیں

کراچی ایئرپورٹ پر میاں بیوی سے 580 گرام چرس برآمد

منشیات چھپا کر دبئی جانے کی کوشش، کسٹمز نے دونوں میاں بیوی کو حراست میں لے لیا

کراچی (کرائم رپورٹر) جناح انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر پاکستان کسٹمز نے کارروائی کرتے ہوئے دبئی جانے والے میاں بیوی کے سامان سے 580 گرام

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37

میر رضا کیس، سینئر پولیس افسران سے تحریری جواب طلب

کمیشن کے سربراہ ڈی آئی جی عامر فاروقی کو آئندہ جمعرات تک جواب جمع کرانے کی ہدایت

کراچی (کرائم رپورٹر) جسٹس عمر سیال کی سربراہی میں میر رضا کیس کی تحقیقات کرنے والے جوڈیشل کمیشن نے سینئر پولیس افسران کو کمیشن میں طلب

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38

اطلاعات
ETELAAT DIGITAL
روزانہ اخبار پڑھنے کے لیے ہماری
ویب سائٹ پر وزٹ کریں
dailyettelaat.com
Follow us on :
fb/Dailyettelaatkarachi



آڈٹ بیورو آف سرکولیشن سے باقاعدہ تصدیق شدہ روزنامہ
ABC CERTIFIED
بے باک صحافت کا ترجمان (اطلاعات)
DALIY ETTELAAT KARACHI
روزنامہ اطلاعات کراچی
بانی: سیدہ زاہدہ سلطانہ
چیف ایڈیٹر: طاہر ملک
ایڈیٹر: میاں طارق جاوید
ETTELAATKHI@GMAIL.COM
پبلشر سید محمد کمال نے محمدی پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر مشرق بلڈنگ آفس نمبر 103 کورٹ روڈ کراچی سے شائع کیا۔ (ریزیڈنٹ ایڈیٹر: تحسین کمال)

حکومتی فیصلوں نے عوامی زندگی تلخ بنادی ہے

صرف پاکستان کے مالی و سیاسی اور سماجی حالات ہی دگرگوں نہیں ہیں۔ دنیا پر ایک سرسری سی نگاہ دوڑائیں تو عالمی حالات بھی ہر طرف بگاڑ اور تباہی کی تصویر پیش کر رہے ہیں: دو دن قبل بنگلہ دیش کی بڑی عدالت نے 7 اہم رہنماؤں کو سزائے موت سنادی ہے۔ ان کا، مبینہ طور پر، قصور یہ بتایا گیا ہے کہ انھوں نے 2024 میں سابق وزیراعظم، حسینہ واجد، کے دور میں حکومت مخالف طلبا تحریک میں تقریباً 1400 طلبا و سیاسی کارکنوں کو قتل کروایا تھا۔ یمنی حوثیوں) انصار اللہ (نے سعودی عرب پر حملے کر کے درجن بھر سعودی شہریوں کو زخمی کردیا ہے۔ جواب میں سعودی فورسز نے بھی حملہ آور اور جارح حوثیوں پر ٹھیک ٹھاک حملے کیے ہیں۔ ادھر بھارت میں اقلیتی دشمن بی جے پی بارے مستند رپورٹیں شائع ہوئی ہیں کہ اس خون آشام مقتدر پارٹی نے Mob Lynching کر کے سیکڑوں مسلمانوں، دلتوں اور مسیحیوں کو موت کے گھاٹ اتار دیا ہے۔ عالم اسلام بھی چپ سادھے بیٹھا ہے اور دنیا بھی۔ معروف برطانوی اخبار The Telegraph نے 16 ستمبر 2026 کو تجزیہ نگار Malanie swan کا جو تفصیلی آرٹیکل شائع کیا ہے، اس نے مشرق وسطی اور بالخصوص سعودیہ کے معاملات بارے تشویشناک صورتحال سامنے رکھی ہے۔ مذکورہ تجزیہ نگار کے مطابق سعودی عرب آج نہائت گمبھیر صورتحال میں گھرا ہے۔ سعودیہ کے آس پاس پراکسیز) ہم ان پراکسیز بارے خوب آگاہ ہیں (نے سعودی عرب کے لیے بڑے مسائل پیدا کر دیے ہیں۔ ایرانی حمائت یافتہ ملیشیا نے عراق سے سعودی عرب کی پائپ لائن پر نقصان دہ حملہ کیا ہے۔ یمن کے حوثی بحیرہ احمر کے سواحل پر قبضے پر قبضہ کر کے سعودیہ کی تیل و دیگر تجارت کے لیے بڑا خطرہ بن گئے ہیں۔ سعودی مخالف حوثیوں نے بحیرہ احمر کے درمیان میں واقع 2 اہم ترین جزائر پر قبضہ کر کے پرخطر حالات پیدا کر دیے ہیں۔ حوثیوں نے حقیقی معنوں میں باب المندب کی شاہ رگ دبوچ کر اپنی بالادستی قائم کرلی ہے۔ ایران امریکا جنگ کی وجہ سے آبنائے ہرمز عملی طور پر، پہلے ہی، عالمی تجارت کے لیے بند ہو چکی ہے۔ تیل کی عالمی قیمتیں تا آسمان پہنچ گئی ہیں۔ سعودی ولی عہد نے ان پریشان کن حالات میں امریکی صدر، ڈونلڈ ٹرمپ کو فون کیا، مگر) مبینہ طور پر (امریکا نے یہ کہہ دیا ہے کہ ہم صرف انٹیلی جنس معلومات فراہم کریں گے۔ یعنی جن پہ تکیہ تھا وہی پتے ہوا دینے لگے؟ گویا امریکا بھی حوثیوں کے خلاف بروئے کار آنے میں پس و پیش کر رہا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ حوثیوں نے عالم اسلام کے مقدس ترین شہر پر حملہ آور ہو کر پورے عالم اسلام کو للکارا ہے۔ پاکستان کو سعودی عرب عزیز تر ہے؛ چنانچہ ان حالات میں) مکہ دفاعی معاہدے کی موجودگی میں (پاکستان کس طرح حوثیوں کے خلاف بروئے کار آئے گا، بڑا سوال بن گیا ہے۔ کہا جاسکتا ہے کہ امریکا اسرائیل نے ایران پر جن مہلک حملوں کا آغاز کیا تھا، آج وہ حملے اور سازشیں دنیا بھر کے لیے سنگین مسائل و مصائب کا موجب بن گئے ہیں۔

سیاسی بحران کی گہری ہوتی ہوئی خلیج



تحریر: طاہر ملک
چیف ایڈیٹر روزنامہ اطلاعات کراچی

پاکستان اس وقت سیاسی اور معاشی مشکلات کے ایسے دور سے گزر رہا ہے جسے نظر انداز کرنا ممکن نہیں۔ گزشتہ کئی دہائیوں کے دوران سیاسی عدم استحکام، اداروں کی کمزوری، معاشی مسائل اور باہمی عدم اعتماد نے ریاستی نظام کو مسلسل متاثر کیا ہے۔ [illegible]

سندھ کا تعلیمی بحران: آنے والی نسلوں کا سوال



تعلیم کسی بھی معاشرے کی ترقی کی بنیادی علامت ہوتی ہے۔ جس قوم نے اپنے تعلیمی نظام کو مضبوط بنایا، اس نے آنے والی نسلوں کے لیے ترقی، شعور اور خوشحالی کے دروازے کھول دیے۔ لیکن سندھ میں تعلیم کی صورتحال ایک ایسے سوال کی شکل اختیار کرچکی ہے [illegible]

تعلیمی بحران دراصل مستقبل کا بحران ہے، اور مستقبل کو نظرانداز کرنے کی قیمت کوئی معاشرہ برداشت نہیں کرسکتا۔

میرٹ کی بنیاد پر حکمرانی ہی اصل اصلاح ہے



تحریر: محمد انور عظیم خان
سینئر سیاسی و سماجی رہنما

پاکستان میں بہتر طرزِ حکمرانی کے لیے نئی تجاویز سامنے آتی رہتی ہیں۔ نئے صوبوں کا قیام، بااختیار مقامی حکومتیں، اختیارات کی نچلی سطح تک منتقلی، سول سروس اصلاحات اور ادارہ جاتی تبدیلیاں اپنی جگہ اہم ہیں، لیکن ان سب سے پہلے ایک بنیادی سوال کا جواب ضروری ہے [illegible]

نئے صوبے: کراچی کیلئے ضرورت، امکان یا بہتر انتظامی حل؟



تحریر: سید نوید عالم
صحافی

پاکستان میں نئے صوبوں اور انتظامی یونٹس کے قیام کی بحث ایک مرتبہ پھر قومی سیاست کا اہم موضوع بن چکی ہے۔ اس بحث کو محض سیاسی نعرے یا علاقائی تقسیم کے تناظر میں دیکھنے کے بجائے انتظامی، معاشی اور عوامی سہولت کے زاویے سے دیکھنے کی ضرورت ہے۔ سوال یہ ہے کہ اگر بڑے صوبوں کو چھوٹے انتظامی یونٹس میں تقسیم کیا جائے تو کیا اس سے عام شہری کی زندگی آسان ہوسکتی ہے؟

دنیا کے کئی ممالک میں انتظامی اکائیوں کی تشکیل کا بنیادی مقصد [illegible]

پاکستان میں بھی نئے صوبوں یا مضبوط انتظامی یونٹس کے قیام سے تعلیم، صحت، بلدیاتی نظام، پولیس، ٹرانسپورٹ اور انفراسٹرکچر جیسے شعبوں میں بہتر توجہ ممکن ہوسکتی ہے۔

کراچی اس بحث کا سب سے اہم مرکز ہے۔ یہ شہر ملکی معیشت میں غیر معمولی کردار ادا کرتا ہے [illegible]

تاہم کراچی کو الگ صوبہ بنانے کا معاملہ صرف انتظامی فیصلہ نہیں بلکہ ایک آئینی اور سیاسی مسئلہ بھی ہے۔ آئین کے آرٹیکل 239 کے تحت کسی صوبے کی حدود تبدیل کرنے کے لیے متعلقہ صوبائی اسمبلی کی کم از کم دو تہائی منظوری ضروری ہے۔ [illegible]

اصل مقصد صوبہ بنانا نہیں، بلکہ عوام کو بہتر حکمرانی دینا ہونا چاہیے۔ اگر نئی انتظامی تقسیم عوامی سہولت، وسائل کی منصفانہ تقسیم، شفاف حکمرانی اور تیز رفتار ترقی کی ضمانت بن سکتی ہے تو اس پر سنجیدہ قومی مکالمہ ضرور ہونا چاہیے۔ [illegible]

کوہاٹ میں عبادت کے وقت خونریزی انسانیت دشمنی کی بدترین مثال ہے، موتی والا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی تاجر الائنس کے چیئرمین و بانی عام آدمی پاکستان ایاز میمن موتی والا نے کوہاٹ پولیس لائنز میں دہشت گرد حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ عبادت کے وقت خونریزی اور بے گناہ انسانوں کو نشانہ بنانے والوں کا کوئی مذہب، انسانیت اور اصول نہیں ہوسکتا۔ کوہاٹ کا سانحہ پوری قوم کے لیے دکھ اور صدمے کا باعث ہے۔ [illegible]

کوہاٹ پولیس لائنز دھماکہ بزدلانہ دہشت گردی، شدید مذمت کرتے ہیں: جمیل ضیاء

[illegible]



[illegible]



چیئرمین گلبرگ ٹاؤن نصرت اللہ ایجوکیشن ڈپارٹمنٹ کے پرنسپلز کے ہمراہ ایک اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

اتحاد، امن اور قومی یکجہتی وقت کی اہم ضرورت ہے، مفتی فیض القادری

مذہبی رواداری، باہمی احترام اور برداشت وقت کی ضرورت ہے، جماعت غوثیہ اہلسنت

ملک کو درپیش چیلنجز کا مقابلہ باہمی اتحاد، برداشت اور اجتماعی ذمہ داری سے ہی ممکن ہے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) جماعت غوثیہ اہلسنت انٹرنیشنل کے چیئرمین ابوالحسن مفتی محمد فیض القادری نے کہا ہے کہ موجودہ دور میں ملک کو امن، استحکام، معاشی بہتری اور قومی یکجہتی کی پہلے سے کہیں زیادہ ضرورت ہے۔ پاکستان ایک اہم اور حساس مرحلے سے گزر رہا ہے۔ [illegible]

حسین محی الدین قادری کی قاضی زاہد حسین سے تعزیت

کراچی (اسٹاف رپورٹر) صدر منہاج القرآن انٹرنیشنل پروفیسر ڈاکٹر حسین محی الدین قادری 3 روزہ دعوتی و تنظیمی دورے پر کراچی پہنچ گئے۔ [illegible]

منکرین ختم نبوت کا تعاقب ہر حال میں جاری رکھیں گے، زبیر ہزاروی

تحفظ ختم نبوت کے لیے ہر کوشش بروئے کار لائیں گے، مرکزی جماعت اہلسنت کراچی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) مرکزی جماعت اہلسنت کراچی کے امیر صاحبزادہ محمد زبیر صدیقی ہزاروی نے کہا ہے کہ منکرین ختم نبوت کا تعاقب ہر حال میں جاری رکھیں گے۔ [illegible]

دوسری آئی ایس ڈی آئی این سندھ رینکنگ ٹینس چیمپئن شپ شروع

کراچی (اسٹاف رپورٹر) دوسری آئی ایس ڈی آئی این سندھ رینکنگ ٹینس چیمپئن شپ 2026 کا آغاز ڈیفنس ہاؤسنگ اتھارٹی کراچی کے ڈی اے سینٹرل کلب کے مصنوعی ٹینس کورٹس پر ہوگیا۔ [illegible] 90 کھلاڑی شریک ہیں۔

مرکزی جمعیت اہل حدیث کے تحت حرمین شریفین کے تحفظ کیلئے یوم اظہار یکجہتی منایا گیا

حرمین شریفین کی حفاظت پوری امت مسلمہ کا مشترکہ دینی فریضہ اور ایمانی تقاضا ہے، علماء کرام کا جمعہ کے اجتماعات سے خطاب

[illegible]

حرمین شریفین کا تقدس و تحفظ ہمیں جانوں سے بھی عزیز ہے، علمائے اہل حدیث

کراچی (اسٹاف رپورٹر) علمائے اہل حدیث پاکستان نے کہا ہے کہ حرمین شریفین کا تقدس اور تحفظ مسلمانوں کے لیے انتہائی اہم ہے [illegible]

سندھ کی پہلی جینڈر رپورٹ ریپورٹ جاری، اسمہ سلیم میمن کا اہم کردار

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ میں صنفی مساوات اور خواتین کے حقوق کے حوالے سے اہم پیش رفت سامنے آئی ہے، جہاں محکمہ انسانی حقوق حکومت سندھ اور اقوام متحدہ کے آبادی فنڈ (یو این ایف پی اے) کے اشتراک سے صوبے کی تاریخ کی پہلی سندھ جینڈر رپورٹ 2023-24 باضابطہ طور پر جاری کردی گئی۔ [illegible]



[illegible]

حضور اکرم ﷺ کے بعد نبوت کا دعویٰ کرنیوالا دائرہ اسلام سے خارج ہے: حنیف طیب

نوجوان نسل کو مسئلہ قادیانیت، تحفظ ختم نبوت کی اہمیت سے آگاہ کرنا ہمارا دینی و قومی فریضہ ہے

[illegible]

ٹی ایم سی شاہ فیصل کے ریٹائرڈ ملازمین کے لواحقین کو واجبات کی ادائیگی

شاہ فیصل ٹاؤن کے عوام کو بلدیاتی سہولیات کا سفر جاری رکھا ہوا ہے، گوہر علی خٹک

[illegible]

حرمین شریفین کا تحفظ ہر مسلمان کی ذمہ داری ہے، علماء

کراچی (اسٹاف رپورٹر) امیر مرکزی جمعیت اہل حدیث پاکستان [illegible]

آسٹریلوی ہائی کمشنر سے رئیس خان کی ملاقات، اسپورٹس منیجمنٹ کی سرگرمیوں کو سراہا

نوجوانوں کی صحت مند سرگرمیوں کے ساتھ تعلیم بھی ضروری ہے، لوٹھی کین کی رئیس خان سے گفتگو

[illegible]

حرمین شریفین کا تحفظ دین کا حصہ، امت مسلمہ کا اتحاد ناگزیر ہے: مفتی اکرام اللہ واحدی

[illegible]



[illegible]

ڈی سی ویسٹ کی زیر صدارت ای پی آئی کارکردگی کا جائزہ اجلاس

[illegible]



[illegible]

بقیہ نمبر اطلاعات 01

پی ایف یو جے ملائشیا چیپٹر کی تنظیمی امور، آئندہ پروگرامز اور مختلف تقریبات کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ شرکائے اجلاس نے تنظیم کو مزید فعال، منظم اور مضبوط بنانے کے عزم کا اظہار کرتے ہوئے اس بات پر اتفاق کیا کہ ملائشیا میں پاکستانی صحافی برادری اور پاکستانی کمیونٹی کے درمیان روابط کو مزید مستحکم کرنے کے لیے اجتماعی سطح پر مؤثر اقدامات کیے جائیں گے۔ عبدالرسول بھٹی کی بطور چیئرمین تقرری کو تنظیمی حوالے سے ایک اہم پیش رفت قرار دیا گیا۔ ان کی وسیع کاروباری، سماجی اور کمیونٹی سرگرمیوں کے ساتھ ساتھ ملائشیا میں پاکستانی کمیونٹی کے مختلف طبقات سے ان کے دیرینہ روابط کو مدنظر رکھتے ہوئے امید ظاہر کی گئی کہ ان کی شمولیت سے پی ایف یو جے ملائشیا چیپٹر کی سرگرمیوں کو مزید وسعت ملے گی۔ پی ایف یو جے ملائشیا چیپٹر کی قیادت اور عہدیداران نے عبدالرسول بھٹی کو چیئرمین کی ذمہ داریاں سنبھالنے پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ ان کی تجربہ کار شخصیت، وسیع روابط، سماجی خدمات اور مثبت سوچ تنظیم کے لیے قیمتی اثاثہ ثابت ہوگی۔ انہوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ عبدالرسول بھٹی اپنی صلاحیتوں اور تجربے کو بروئے کار لاتے ہوئے صحافی برادری، پاکستانی کاروباری طبقے اور کمیونٹی کے مختلف حلقوں کے درمیان باہمی رابطوں کو مزید مضبوط بنانے میں اپنا کردار ادا کریں گے۔ عہدیداران نے کہا کہ پی ایف یو جے ملائشیا چیپٹر صحافی برادری کے مسائل اور پاکستانی کمیونٹی سے متعلق اہم معاملات کو مؤثر انداز میں اجاگر کرنے کے ساتھ ساتھ مثبت صحافتی اور سماجی سرگرمیوں کے فروغ کے لیے اپنا کردار جاری رکھے گا۔ اس سلسلے میں مختلف طبقات کے درمیان باہمی تعاون اور رابطوں کو مزید فروغ دینے کے لیے آئندہ بھی پروگرامز اور تقریبات کا انعقاد کیا جائے گا۔ اس موقع پر نو منتخب چیئرمین عبدالرسول بھٹی نے ذمہ داری سونپے جانے پر پی ایف یو جے ملائشیا چیپٹر کی قیادت اور تمام اراکین کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ ان پر جس اعتماد کا اظہار کیا گیا ہے وہ اسے قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وہ اپنی ذمہ داری کو خلوص، تعاون اور باہمی مشاورت کے ساتھ ادا کرنے کی کوشش کریں گے۔ عبدالرسول بھٹی نے مزید کہا کہ صحافی برادری اور پاکستانی کمیونٹی کے درمیان مضبوط اور مثبت روابط وقت کی اہم ضرورت ہیں، وہ اس مقصد کے لیے اپنی تمام تر صلاحیتوں اور روابط کو بروئے کار لاتے ہوئے پی ایف یو جے ملائشیا چیپٹر کی سرگرمیوں کو مزید مؤثر بنانے اور کمیونٹی کی فلاح و بہبود کے لیے اپنا کردار ادا کریں گے۔

بقیہ نمبر اطلاعات 02

تک جاری رہے گی، جس کے دوران ملکھو پیر ڈویژن کی 16 یونین کونسلز میں پولیو ٹیمیں مختلف علاقوں میں گھر گھر جا کر پانچ سال تک کی عمر کے بچوں کو پولیو سے بچا کے قطرے پلائیں گی۔ حاجی نواز علی بروہی نے مہم کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ بچوں کو پولیو جیسے موذی مرض سے محفوظ رکھنے کے لیے تمام متعلقہ اداروں کو باہمی تعاون اور مؤثر حکمت عملی کے ساتھ اپنی ذمہ داریاں ادا کرنا ہوں گی۔ اجلاس میں اسسٹنٹ کمشنر ملکھو پیر، ڈی ای او سی کے DDPO، ڈاکٹر میرا، CCO جناب الیاس، NSTOP آفیسر ڈاکٹر حمزہ، ملکھو پیر ڈویژن کی 16 یونین کونسلز کے یونین کونسل انچارجز، UCMOs اور محکمہ صحت کے متعلقہ افسران و ذمہ داران نے شرکت کی۔ میٹنگ کے دوران ستمبر پولیو مہم کے لیے یونین کونسل سطح پر کیے گئے انتظامات، فیلڈ ٹیموں کی تعیناتی، مانیٹرنگ، کوریج، ٹیموں کی کارکردگی اور دیگر ضروری امور پر تفصیلی غور کیا گیا۔ فیلڈ سطح پر درپیش مسائل اور ممکنہ مشکلات بھی اجلاس میں زیر بحث آئیں، جبکہ متعلقہ ذمہ داران کو مسائل کے فوری ازالے اور مہم کے انتظامات کو مزید مؤثر بنانے کے لیے ضروری اقدامات کی ہدایات دی گئیں۔ حاجی نواز علی بروہی نے کہا کہ انسداد پولیو مہم کی کامیابی مشترکہ ذمہ داری ہے، جس کے لیے انتظامیہ، محکمہ صحت، یونین کونسل سطح کے ذمہ داران اور فیلڈ ورکرز کے درمیان مؤثر رابطہ اور بھرپور تعاون ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ مہم کے دوران فیلڈ ٹیموں کی مؤثر مانیٹرنگ کو یقینی بنایا جائے اور ان کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے تاکہ ویکسینیشن کا عمل بلاتعطل جاری رہے۔ ڈان چیئرمین ملکھو پیر حاجی نواز علی بروہی نے پولیو ورکرز کی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ فیلڈ میں گھر گھر جا کر بچوں کو پولیو سے بچا کے قطرے پلانے والے ورکرز ایک اہم قومی ذمہ داری انجام دے رہے ہیں۔ انہوں نے متعلقہ ذمہ داران پر زور دیا کہ پولیو ٹیموں کو ہر ممکن سہولیات اور ضروری معاونت فراہم کی جائے تاکہ مہم کے مقررہ اہداف مؤثر انداز میں حاصل کیے جا سکیں۔ حاجی نواز علی بروہی نے والدین اور شہریوں سے بھی اپیل کی کہ وہ پولیو ٹیموں کے ساتھ بھرپور تعاون کریں اور اپنے پانچ سال تک کی عمر کے تمام بچوں کو پولیو سے بچا کے قطرے ضرور پلوائیں۔ انہوں نے کہا کہ عوامی تعاون کے بغیر انسداد پولیو مہم کے مطلوبہ نتائج حاصل کرنا مشکل ہے، اس لیے ہر شہری کو اپنے بچوں کے محفوظ مستقبل کے لیے اپنا کردار ادا کرنا چاہیے۔ میٹنگ کے اختتام پر گزشتہ پولیو مہم کے دوران نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے یونین کونسل سطح کے سپروائزرز اور پولیو ٹیموں کی حوصلہ افزائی کے لیے ٹاؤن چیئرمین ملکھو پیر حاجی نواز علی بروہی اور اسسٹنٹ کمشنر ملکھو پیر نے تعریفی اسناد تقسیم کیں۔ اس موقع پر حاجی نواز علی بروہی نے بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے پولیو ورکرز کی محنت اور خدمات کو سراہتے ہوئے ان کی حوصلہ افزائی کی اور آئندہ مہم میں بھی اسی جذبے کے ساتھ فرائض انجام دینے پر زور دیا۔ اجلاس میں اس عزم کا اظہار کیا گیا کہ 21 سے 27 ستمبر 2026 تک جاری رہنے والی انسداد پولیو مہم کے دوران تمام متعلقہ ادارے، محکمہ صحت کے افسران اور فیلڈ ٹیمیں باہمی تعاون کے ساتھ اپنی ذمہ داریاں ادا کریں گے۔

بقیہ نمبر اطلاعات 03

شرح خواندگی میں اضافہ کیا بلکہ معاشی ترقی کے ساتھ تعلیم یافتہ طبقے کو بھی متاثر کیا۔ ان کی جدت پر مبنی حکمت عملی اور معیاری تعلیم کے فروغ کے لیے غیر معمولی کوششوں کو مستقبل کے لیے ایک روشن مثال قرار دیا گیا۔ مذکورہ تقریب میں قونصل جنرلز، اعلیٰ کاروباری شخصیات، تجارتی تنظیموں کے سربراہان، معروف بزنس مین اور مختلف شعبوں کے ممتاز ماہرین شریک ہوئے۔ نمایاں مہمانوں میں این ای ڈی یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر محمد طفیل، کراچی چیمبر آف کامرس کے صدر ریحان حنیف، الاس اسپتال کے چیف ایگزیکٹو ڈاکٹر عبداللطیف، بارئی اور آباد کے چیئرمین حسن بخشی و دیگر شامل تھے۔ یہ اجتماع باہمی روابط اور اسٹریٹجک تعاون کے لیے ایک بہترین موقع ثابت ہوا۔ پی ایس سی ٹی ایف سندھ چیپٹر کے صدر محمد شعیب قادری نے پروفیسر ڈاکٹر افضل حق کی خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ ان کی قیادت اور عزم نے اس تقریب کو وقار بخشا اور دیگر ایوارڈ یافتگان کے لیے بھی ایک بڑی مثال قائم کی۔

بقیہ نمبر اطلاعات 04

مختلف ترقیاتی منصوبوں کا دورہ کیا اور موقع پر جاری کاموں کی پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا۔ دورے کے دوران ڈی جی کے ڈی اے نے گلشن معمار میں ای پی سوہرو روڈ پر جاری سڑک اور نالے کی تعمیر کا معائنہ کیا۔ یہ منصوبہ 1350 ملین کی لاگت سے مکمل کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے منصوبے کے مختلف حصوں کا جائزہ لیتے ہوئے تعمیراتی کام کے معیار، رفتار اور پیش رفت سے متعلق متعلقہ افسران سے بریفنگ حاصل کی۔ بعد ازاں ڈائریکٹر جنرل کے ڈی اے زین العابدین انصاری نے اسکیم 33 میں 26 اور 27 اے ڈوائیڈنگ روڈ پر جاری ترقیاتی کاموں کا بھی معائنہ کیا۔ انجینئرنگ ڈپارٹمنٹ کے مطابق یہ منصوبہ 857 ملین روپے سے مکمل کیا جا رہا ہے۔ اس موقع پر انہوں نے منصوبوں سے متعلق تفصیلات معلوم کیں اور افسران کو ہدایت کی کہ ترقیاتی کام مقررہ معیار کے مطابق بروقت مکمل کرنے کے لیے تمام ضروری اقدامات یقینی بنائے جائیں۔ ڈی جی کے ڈی اے نے کہا کہ شہریوں کو بہتر سفری سہولیات اور بنیادی ڈھانچے کی فراہمی کے لیے جاری ترقیاتی منصوبوں کی باقاعدگی سے نگرانی کی جا رہی ہے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ تعمیراتی کام میں معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہ کیا جائے اور منصوبوں کی تکمیل میں غیر ضروری تاخیر سے گریز کیا جائے۔ دورے کے موقع پر ڈائریکٹر اسٹیٹ اینڈ انفورسمنٹ سید زین شاہ، سپرنٹنڈنگ انجینئر جنید صدیقی اور متعلقہ ایگزیکٹو انجینئرز موجود تھے۔

بقیہ نمبر اطلاعات 05

نوشابہ صدیقی کارنر کا افتتاح تھا، جہاں ان کی تصانیف طلبہ اور قارئین کے مطالعے کے لیے محفوظ کی گئی ہیں۔ مقررین نے اسے نئی نسل کو استاد کی علمی و ادبی خدمات سے روشناس کرانے کی خوبصورت کوشش قرار دیا۔

بقیہ نمبر اطلاعات 06

تصدیق نہ ہو جائے۔ اینٹی کرپشن تحقیقات کا مرکزی نکتہ یہ ہے کہ آیا بورڈ کے ریکارڈ میں غیر مجاز تبدیلیاں کر کے ایسے امیدواروں کو MDCAT کے لیے اہل بنایا گیا۔ تمام متعلقہ محکموں سے بھی درخواست کی گئی ہے کہ وہ تمام داخلوں، ملازمتوں اور بھرتیوں کے معاملات کا مکمل اور باریک بینی سے جائزہ لیں، ریکارڈ کی جانچ پڑتال کریں، اور MDCAT امتحان سمیت تمام متعلقہ معاملات میں امیدواروں کی اہلیت اور تعلیمی اسناد کی مکمل تصدیق یقینی بنائیں۔ حتمی فیصلہ متعلقہ حکام کی سرکاری تصدیق اور تحقیقاتی کارروائی کے بعد ہوگا۔ MDCAT 2026 20 ستمبر 2026 تعلیمی ریکارڈ میں مبینہ جعل سازی کے خلاف کارروائی جاری ہے۔

بقیہ نمبر اطلاعات 07

سے سابق کونسلر، سیاسی و سماجی رہنما محمد حسن بلوچ کی نگرانی میں منعقد کیا جا رہا ہے۔ زاہد رحیم کے مطابق کیمپ میں آنکھوں کی اسکریننگ، موتیا کی تشخیص اور موتیا کے آپریشن بمعہ امریکن لینس کی سہولت فراہم کی جائے گی۔ اس کے علاوہ ماہر امراض نسواں، ماہر امراض جلد اور فزیشن مریضوں کا مفت معائنہ کریں گے، جبکہ پیٹ کا الٹراساؤنڈ، ہڈیوں کے بھربھرے پن، کیلشیم، چربی اور بلڈ شوگر کے ٹیسٹ بھی بالکل مفت کیے جائیں گے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ عیسیٰ لیبارٹری کی جانب سے دیگر ٹیسٹ پر 50 فیصد رعایت بھی دی جائے گی۔ معروف سماجی شخصیت و کونسلر یو سی 2 غازی داؤد بروہی گوٹھ محمد حسن بلوچ نے مریضوں سے اپیل کی ہے کہ وہ مفت میڈیکل کیمپ سے بھرپور فائدہ اٹھائیں اور کیمپ میں نظم و ضبط، صبر و تحمل اور پابندی وقت کا خصوصی خیال رکھیں تاکہ زیادہ سے زیادہ مستحق افراد کو طبی سہولیات فراہم کی جا سکیں۔

بقیہ نمبر اطلاعات 08

کہا کہ تعلیم کسی بھی معاشرے کی ترقی اور خوشحالی کی بنیادی ضرورت ہے، اس لیے گلبرگ ٹاؤن کے تعلیمی اداروں میں بہتری ہماری اہم ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ محدود وسائل کے باوجود ٹاؤن انتظامیہ تعلیم کے شعبے میں اپنی ذمہ داریوں کو بھرپور انداز میں ادا کرنے کی کوشش کر رہی ہے اور تعلیمی اداروں میں موجود مسائل کو مرحلہ وار حل کیا جا رہا ہے۔ نصرت اللہ نے کہا کہ ہماری کوشش ہے کہ گلبرگ ٹاؤن کے اسکول صرف عمارتوں تک محدود نہ رہیں بلکہ طلبہ کو ایسا تعلیمی ماحول فراہم کیا جائے جہاں وہ جدید علوم، ٹیکنالوجی اور موجودہ دور کی ضروریات کے مطابق اپنی صلاحیتوں کو نکھار سکیں۔ انہوں نے کہا کہ گلبرگ ٹاؤن کا محکمہ تعلیم ایک رول ماڈل بن چکا ہے، یہاں کے اسکول اور اساتذہ کی محنت قابل تعریف ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ طلبہ ہمارا مستقبل ہیں اور ان کی تعلیم و تربیت میں سرمایہ کاری دراصل ملک کے مستقبل میں سرمایہ کاری ہے۔ گلبرگ ٹاؤن میں تعلیمی سرگرمیوں کو فروغ دینے کے ساتھ ساتھ طلبہ میں تخلیقی صلاحیتوں، جدید ٹیکنالوجی اور عملی مہارتوں کے فروغ کے لیے بھی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ نویں اور دسویں جماعت کے امتحانات میں گلبرگ ٹاؤن کے بچوں کی نمایاں نمبروں سے کامیابی آپ سب کی محنت کا ثمر ہے۔ ڈائریکٹر ایجوکیشن ندیم حنیف نے کہا کہ چیئرمین گلبرگ ٹاؤن کی ہدایت پر محکمہ تعلیم میں اصلاحات کے لیے جامع حکمت عملی مرتب کی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اساتذہ، طلبہ اور اسکول انتظامیہ کے درمیان بہتر رابطہ قائم کر کے تعلیمی ماحول کو مزید مؤثر بنایا جائے گا۔ ندیم حنیف نے کہا کہ محکمہ تعلیم کی کوشش ہوگی کہ اسکولوں میں دستیاب وسائل کا بہتر استعمال کیا جائے اور جہاں بنیادی سہولیات کی کمی ہے وہاں مرحلہ وار بہتری لائی جائے۔ انہوں نے کہا کہ تعلیمی اداروں کی کارکردگی کی مانیٹرنگ، ریکارڈ کو بہتر بنانا اور تعلیمی سرگرمیوں کو فعال کرنا بھی اصلاحاتی عمل کا حصہ ہوگا۔ اجلاس میں سابق ٹاؤن ناظم فاروق نعمت اللہ، ڈائریکٹر ایڈمن محمد علی، تعلیمی کمیٹی سے طاہرہ کامران، ڈپٹی ڈائریکٹر ایجوکیشن عائشہ قمر، تمام اسکولوں کی پرنسپل سمیت محکمہ تعلیم کے متعلقہ افسران بھی موجود تھے۔ اجلاس کے اختتام پر تعلیمی اداروں کی بہتری اور محکمہ تعلیم میں اصلاحات کے حوالے سے آئندہ کے لائحہ عمل پر بھی غور کیا گیا۔

بقیہ نمبر اطلاعات 09

چاہیے۔ وزیر داخلہ کے بیان کا حوالہ دیتے ہوئے عمران بھاشانی نے تحریک پاکستان میں بنگالی مسلم کمیونٹی کی تاریخی خدمات کا اعتراف کیا اور ملک میں مقیم بنگالی نژاد پاکستانیوں کو شناختی کارڈز (CNIC) کے حصول میں پیش آنے والی شدید مشکلات پر گہری تشویش کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ شناختی کارڈ محض ایک دستاویز نہیں بلکہ ریاست کے ساتھ شہری کا بنیادی قانونی اور آئینی رشتہ ہے۔ آئین و قانون کے مطابق جانچ اور تصدیق کے بعد حقیقی پاکستانی شہریوں کو نادرا کے پیچیدہ اور طویل طریقہ کار کے باعث بنیادی حقوق سے محروم رکھنا ان کے روزگار، تعلیم اور معاشی سرگرمیوں کو شدید متاثر کرتا ہے۔ مرکزی سیکریٹری جنرل نے وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی سے پرزور اپیل کی کہ وہ نادرا کے موجودہ طریقہ کار کا فوری نوٹس لیتے ہوئے ایک جامع، شفاف اور تیز تر شناختی و تصدیقی پالیسی وضع کریں تاکہ جائز شہریوں کی غیر ضروری تاخیر کا خاتمہ ہو سکے۔ انہوں نے

بقیہ نمبر اطلاعات 10

کا ماحول بڑھا، تاہم تیل مہنگا ہونے کا الزام جماعت اسلامی پر نہیں ہے۔ ناصر حسین شاہ نے واضح کیا کہ تیل کی قیمتوں میں اضافے کا ذمہ دار جماعت اسلامی کو قرار نہیں دیا جا سکتا۔ انہوں نے کہا کہ ہم جماعت اسلامی کے موقف کی حمایت کرتے ہیں، جماعت اسلامی کے دھرنے میں جائیں یا نہ جائیں، ان کے موقف کی حمایت کرتے ہیں۔ وزیر بلدیات سندھ نے کہا کہ جماعت اسلامی کی جانب سے تیل کی قیمتوں کے معاملے پر اختیار کیے گئے موقف کی حمایت کرتے ہیں، تاہم احتجاج کے دوران عوام کو درپیش مشکلات کو بھی مدنظر رکھنا چاہیے۔ ناصر حسین شاہ نے کہا کہ جماعت اسلامی کے دھرنے کے بعد ہم ان سے ہاتھ جوڑ کر اپیل کریں گے کہ دھرنا ختم کر دیں، کیونکہ شاہراہیں بند ہونے سے عوام کو شدید تکلیف کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ احتجاج کے باعث شاہراہوں کی بندش سے شہریوں کو مشکلات پیش آتی ہیں، اس لیے دھرنا ختم کرنے کے لیے جماعت اسلامی سے اپیل کی جائے گی۔ پی ٹی آئی سے متعلق سوال پر ناصر حسین شاہ نے کہا کہ پی ٹی آئی والوں سے پوچھیں کہ انہوں نے گدھا گاڑی کی سواری کیوں کی۔ پیپلز پارٹی کے حوالے سے بات کرتے ہوئے وزیر بلدیات سندھ نے کہا کہ پیپلز پارٹی نے ہمیشہ عوام کی بات کی ہے۔ پٹرول کی قیمتوں سے متعلق ناصر حسین شاہ نے کہا کہ پٹرول کی قیمت کم ہونی چاہیے۔ ایم کیو ایم کی جانب سے ریلی کے اعلان سے متعلق سوال پر ناصر حسین شاہ نے کہا کہ ایم کیو ایم نے ریلی کا اعلان کیا ہے، ہم انہیں سنجیدہ نہیں لیتے۔ ناصر حسین شاہ نے کہا کہ تیل کی قیمتوں میں اضافے کے معاملے پر عوامی مشکلات کو بھی مدنظر رکھنا ضروری ہے، جبکہ احتجاج کے دوران شاہراہوں کی بندش سے شہریوں کو ہونے والی تکلیف بھی ایک اہم معاملہ ہے۔ وزیر بلدیات سندھ نے کہا کہ جماعت اسلامی کے موقف کی حمایت کرتے ہیں، تاہم دھرنے کے باعث شاہراہیں بند ہونے سے عوام کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔

بقیہ نمبر اطلاعات 11

کے دوران سابق تفتیشی افسر شبیر بخاری کا بیان ریکارڈ کیا گیا جبکہ میر رضا کے بزنس پارٹنر احمد کا موقف بھی سنا گیا۔ حکم نامے میں کہا گیا ہے کہ احمد نے میر رضا کے اہل خانہ سے ملاقات کر کے بات کرنے کے لیے وقت مانگا ہے، اہل خانہ سے گفتگو کے بعد اگر وہ مزید کچھ کہنا چاہیں تو حلف نامے کے ذریعے اپنا موقف پیش کر سکتے ہیں۔ حلف نامے کے ذریعے جمع کرایا جانے والا بیان بھی عوام کے لیے دستیاب ہوگا۔ حکم نامے کے مطابق تھانہ فیروز آباد اور گلستان جوہر کے روزنامچے سیل شدہ حالت میں کمیشن کو موصول ہوئے، تاہم روزنامچوں سے متعلق گواہان کے بیانات پہلے ہی ریکارڈ کیے جا چکے تھے۔ کمیشن نے روزنامچے اسی حالت میں سندھ حکومت کے نوکل پرسن کو واپس کر دیے، جبکہ ٹی وی چینل کے چیف ایگزیکٹو افسر اور ڈویژن سربراہ کو کمیشن سے تعاون کرنے پر سراہا۔

بقیہ نمبر اطلاعات 12

للہ فاروقی نے کی۔ ریلی کے شرکا نے ہاتھوں میں پلے کارڈز اور بینرز اٹھا رکھے تھے جن پر تحفظ حرمین شریفین، حرمت مقدسات اور حوثی جارحیت کے خلاف مختلف نعرے اور مطالبات درج تھے۔ شرکا نے حرمین شریفین سے اپنی والہانہ عقیدت کا اظہار کرتے ہوئے مختلف نعرے بھی لگائے۔ ریلی سے خطاب کرتے ہوئے ناظم ایم ایس او کراچی ڈویژن برادر عنایت اللہ فاروقی، ناظم عمومی کراچی ڈویژن برادر سلمان ادریس، معاون ناظم برادر عبداللہ غازی، ناظم تربیتی امور برادر عبداللہ عباسی نے کہا کہ حرمین شریفین پوری امت مسلمہ کے لیے عقیدت، محبت اور ایمان کا مرکز ہیں۔ مسلمانوں کے دل خانہ کعبہ اور مسجد نبوی ﷺ سے جڑے ہوئے ہیں، اس لیے مقدس مقامات کے تقدس اور حرمت کا معاملہ پوری امت کے لیے انتہائی اہمیت رکھتا ہے۔ انہوں نے حوثی جارحیت کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ خطے میں ایسے اقدامات جو مقدس مقامات کے امن و سلامتی کے لیے خطرہ بنیں، قابل تشویش ہیں۔ امت مسلمہ کو باہمی اختلافات سے بالاتر ہو کر حرمین شریفین کے تحفظ اور تقدس کے معاملے پر متحد ہونا چاہیے۔ مقررین نے کہا کہ نوجوان نسل کو حرمین شریفین کی عظمت، اسلامی تاریخ اور مقدس مقامات کی اہمیت سے آگاہ کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ ایم ایس او نوجوانوں میں دینی شعور، اتحاد امت اور اسلامی اقدار کے فروغ کے لیے اپنا کردار ادا کرتی رہے گی۔ انہوں نے کہا کہ حرمین شریفین کا امن پوری امت مسلمہ کے لیے باعث اطمینان ہے۔ مسلم دنیا کے تمام ممالک اور ذمہ دار قوتوں کو چاہیے کہ مقدس مقامات کے تحفظ، خطے میں امن اور کشیدگی کے خاتمے کے لیے اپنا کردار ادا کریں۔ ریلی کے شرکا نے "حرمین شریفین کی حرمت، جان سے بھی زیادہ عزیز"، "حرمین شریفین کا تحفظ، ہمارا ایمان" اور دیگر نعرے لگائے۔ شرکا نے پلے کارڈز کے ذریعے حرمین شریفین کے تقدس اور امن کے حوالے سے اپنے جذبات کا اظہار کیا۔ ریلی کے اختتام پر حرمین شریفین کی سلامتی، امت مسلمہ کے اتحاد، عالم اسلام میں امن و استحکام کے لیے دعا کی گئی۔

بقیہ نمبر اطلاعات 13

حاصل کرنے میں ذاتی طور پر معاونت فراہم کریں۔ وہ ٹریفک اور عوامی رش کے انتظامات کی بھی نگرانی کریں گے تاکہ شہریوں کو کم سے کم مشکلات کا سامنا ہو۔ کمشنر نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی ہے کہ تمام انتظامات فوری طور پر مکمل کریں۔ ڈی سیز کو سہولت کاری کے اقدامات اور عوامی خدمت کی سرگرمیوں کی مناسب تشہیر کرنے کی بھی ہدایت کی ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ شہریوں کو دستیاب معاونت سے مکمل طور پر آگاہی حاصل ہونی چاہیے۔ انہوں نے ڈپٹی کمشنرز کو ہدایت کی ہے کہ وہ خود انتظامات کی نگرانی کریں۔ تاکہ شہریوں کو پٹرول کی قیمت میں سبسڈی فراہم کرنے کی کوششیں بار آور ہوں۔

بقیہ نمبر اطلاعات 14

استعمال کی اشیا کی قیمتوں میں بھی اضافہ ہو جاتا ہے، جس کے باعث پہلے سے مہنگائی کا شکار عوام کے لیے اخراجات پورے کرنا مزید دشوار ہو گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت عوام کو ریلیف دینے کے دعوے کرتی ہے، جبکہ بجلی، گیس، پٹرول اور دیگر ضروری اشیا کی قیمتوں میں اضافے سے متوسط اور کم آمدنی والے طبقے کی مشکلات بڑھ رہی ہیں۔ رضوان نیازی کا کہنا تھا کہ حکومت کو عوام پر مزید مالی بوجھ ڈالنے کے بجائے غیر ضروری اخراجات میں کمی، ٹیکس نظام میں اصلاحات اور عوامی ریلیف کے لیے مؤثر اقدامات کرنا

بقیہ نمبر اطلاعات 15

[illegible]

بقیہ نمبر اطلاعات 16

[illegible]

بقیہ نمبر اطلاعات 17

[illegible]

بقیہ نمبر اطلاعات 18

[illegible]

بقیہ نمبر اطلاعات 19

[illegible]

بقیہ نمبر اطلاعات 20

[illegible]

بقیہ نمبر اطلاعات 21

[illegible]

بقیہ نمبر اطلاعات 22

[illegible]

بقیہ نمبر اطلاعات 23

[illegible]

بقیہ نمبر اطلاعات 24

[illegible]

بقیہ نمبر اطلاعات 25

[illegible]

بقیہ نمبر اطلاعات 26

[illegible]

بقیہ نمبر اطلاعات 27

[illegible]

بقیہ نمبر اطلاعات 28

[illegible]

بقیہ نمبر اطلاعات 29

[illegible]

بقیہ نمبر اطلاعات 30

[illegible]

بقیہ نمبر اطلاعات 31

[illegible]

بقیہ نمبر اطلاعات 32

[illegible]

بقیہ نمبر اطلاعات 33

[illegible]

بقیہ نمبر اطلاعات 34

[illegible]

بقیہ نمبر اطلاعات 35

[illegible]

بقیہ نمبر اطلاعات 36

[illegible]

بقیہ نمبر اطلاعات 37

[illegible]

بقیہ نمبر اطلاعات 38

[illegible]

بقیہ نمبر اطلاعات 39

[illegible]

بقیہ نمبر اطلاعات 40

[illegible]

بقیہ نمبر اطلاعات 41

[illegible]

پاکستان میں تیل کی قیمتوں میں کچھ زیادہ اضافہ ہوا ہے

ناصر حسین شاہ

احتجاج کے باعث شاہراہوں کی بندش سے شہریوں کو مشکلات پیش آتی ہیں، اس لیے دھرنا ختم کرنے کے لیے جماعت اسلامی سے اپیل کی جائے گی

ہم نے بھی پروٹوکول کم کر دیا ہے، ایک پولیس موبائل کے ساتھ ایک ہی گاڑی میں آیا ہوں' وزیر بلدیات سندھ کی سندھ اسمبلی کے باہر میڈیا سے گفتگو

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وزیر بلدیات سندھ ناصر حسین شاہ نے سندھ اسمبلی میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ پوری دنیا میں تیل کی قیمتوں میں اضافہ ہوا ہے، تاہم پاکستان میں تیل کی قیمتوں میں کچھ زیادہ اضافہ ہوا ہے۔ ناصر حسین شاہ نے کہا کہ دنیا بھر میں تیل کی قیمتوں میں اضافے کا اثر مختلف ممالک پر پڑا ہے، پاکستان میں بھی تیل کی قیمتوں میں اضافہ ہوا ہے، تاہم یہاں اضافہ کچھ زیادہ ہوا ہے۔ وزیر بلدیات سندھ نے اپنے پروٹوکول کے حوالے سے کہا کہ ہم نے بھی پروٹوکول کم کر دیا ہے، ایک پولیس موبائل کے ساتھ ایک ہی گاڑی میں آیا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ پروٹوکول میں کمی کا مقصد یہ ہے کہ غیر ضروری گاڑیوں اور اضافی پروٹوکول سے گریز کیا جائے۔ جماعت اسلامی کے احتجاج اور دھرنوں سے متعلق سوال پر ناصر حسین شاہ نے کہا کہ جماعت اسلامی کے دھرنوں کے دوران ہی جگہ

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10



بام پی ایچ ایس گورنمنٹ کالج میں محفل میلاد مصطفیٰ کا انعقاد

کراچی (اسٹاف رپورٹر) بام پی ایچ ایس گورنمنٹ کالج برائے خواتین، کراچی نے ستمبر کو محفل میلاد مصطفیٰ ﷺ کا روحانی و بابرکت پروگرام کامیابی سے منعقد کیا۔ یہ تقریب انچارج پرنسپل شہناز کوثر کی رہنمائی اور نگرانی میں منعقد ہوئی، جس میں میلاد کمیٹی اور کالج کی مختلف انتظامی کمیٹیوں نے بھرپور تعاون کیا۔ کالج کی اساتذہ، طالبات اور منتظمین نے اس بابرکت تقریب میں نہایت عقیدت و احترام کے ساتھ شرکت

میر رضا کیس، جوڈیشل کمیشن کا سینئر پولیس افسران سے تحریری جواب لینے کا فیصلہ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) میر رضا کیس کی تحقیقات کے لیے قائم جوڈیشل کمیشن نے سینئر پولیس افسران کو طلب کرنے کے بجائے ان سے تحریری جواب لینے کا فیصلہ کر لیا۔ جوڈیشل کمیشن نے گزشتہ روز کی سماعت کا حکم نامہ جاری کر دیا، جس کے مطابق کارروائی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11

عبدالرسول بھٹی پی ایف یو جے ملائشیا چیپٹر کے چیئرمین منتخب

پی ایف یو جے ملائشیا چیپٹر کی تنظیمی امور، آئندہ پروگرامز اور مختلف تقریبات کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال

پاکستانی کمیونٹی کے درمیان روابط کو مزید مستحکم کرنے کے لیے اجتماعی سطح پر موثر اقدامات کیے جائیں گے

کوالالمپور (نمائندہ خصوصی) پاکستان فیڈرل یونین آف جرنلسٹس (PFUJ) ملائشیا چیپٹر کے ایک اہم تنظیمی اجلاس میں ملائشیا میں مقیم پاکستانی کمیونٹی کی معروف کاروباری، سماجی اور ہر دلعزیز شخصیت، منہاج القرآن ایجوکیشن کونسل کے صدر اور منہاج القرآن ملائشیا کے سرپرست عبدالرسول بھٹی کو پی ایف یو جے ملائشیا چیپٹر کا چیئرمین متفقہ طور پر منتخب کر لیا گیا۔ اجلاس میں

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1

مقدس مقامات کی حرمت پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جاسکتا' عنایت اللہ فاروقی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ایم ایس او کراچی ڈویژن کے زیر اہتمام تحفظ حرمین شریفین ریلی کراچی پریس کلب میں منعقد ہوئی، جس میں ایم ایس او کے کارکنان، طلبہ اور شہریوں نے بھرپور شرکت کی۔ ریلی کی قیادت ناظم ایم ایس او کراچی ڈویژن برادر عنایت

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12



منگھوپیر میں انسدادِ پولیو مہم کی تیاریاں مکمل

21 سے 27 ستمبر تک 16 یونین کونسلز میں گھر گھر ویکسینیشن، بہترین کارکردگی پر پولیو ورکرز میں اسناد تقسیم

ٹاؤن چیئرمین حاجی نواز بروہی کی ریڈینس میٹنگ، فیلڈ ٹیموں کی مؤثر مانیٹرنگ اور عوامی تعاون پر زور

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ٹاؤن چیئرمین منگھوپیر حاجی نواز علی بروہی نے ستمبر کی انسداد پولیو مہم کے حوالے سے ڈی ایچ او ویسٹ میں منعقدہ اہم ریڈینس میٹنگ میں شرکت کی، جہاں مہم کی تیاریوں، فیلڈ انتظامات اور بچوں تک پولیو ویکسین کی مؤثر رسائی یقینی بنانے کے لیے مختلف امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ ستمبر پولیو مہم 21 ستمبر سے 27 ستمبر 2026

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2

گڈز ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں 7 فیصد اضافے کا اعلان

پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مسلسل اضافے کے باعث گڈز ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں اضافہ ناگزیر ہو گیا ہے' صدر آل پاکستان گڈز ٹرانسپورٹ اتحاد

ڈیزل کی قیمت میں ایک ہفتے کے دوران 26 روپے 88 پیسے، پیٹرول میں 20 روپے فی لیٹر اضافہ کیا گیا ہے' ملک شہزاد اعوان

کراچی (اسٹاف رپورٹر) آل پاکستان گڈز ٹرانسپورٹ اتحاد نے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کے بعد گڈز ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں 7 فیصد اضافے کا اعلان کر دیا۔ صدر آل پاکستان گڈز ٹرانسپورٹ اتحاد ملک شہزاد اعوان نے کہا کہ گزشتہ 7 روز کے دوران ڈیزل کی قیمت میں فی لیٹر 26 روپے 88 پیسے جبکہ پیٹرول کی قیمت میں 20 روپے فی لیٹر اضافہ کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مسلسل اضافے کے باعث گڈز ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں اضافہ ناگزیر ہو گیا ہے۔ گڈز ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں اضافے سے اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں مزید اضافے کا خدشہ ظاہر کیا جا رہا ہے۔



پیٹرول سبسڈی کیلئے کراچی میں خصوصی ہیلپ ڈیسک قائم

کمشنر کراچی کی ہدایت پر پیٹرول پمپس پر پیٹرول سبسڈی سے متعلق معلومات پر مشتمل بینرز آویزاں کیے جائیں گے

ڈپٹی کمشنرز کے دفاتر میں پیٹرول سبسڈی سے مستفید کرنے کیلئے رہنمائی کیلئے ہیلپ ڈیسک قائم کیے جائیں گے' سید حسن نقوی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کمشنر کراچی سید حسن نقوی نے کراچی میں پیٹرول پمپس پر شہریوں کو حکومتی سبسڈی کے حصول میں سہولت فراہم کرنے کے لیے ڈپٹی کمشنرز کو فوری ان کے دفتر میں ہیلپ ڈیسک قائم کرنے کی ہدایت کی ہے۔ مختلف ڈپٹی کمشنرز نے جمعہ کو کمشنر کراچی کو آگاہ کیا ہے کہ انہوں نے ہیلپ ڈیسک قائم کر دیے ہیں۔ کمشنر کی ہدایت کے مطابق پیٹرول پمپس پر متعلقہ معلومات پر مشتمل بینرز آویزاں کیے جائیں گے، جبکہ شہریوں کو سبسڈی کے طریقہ کار سے آگاہ کیا جائے گا۔ عوام کی سہولت اور سبسڈی کے حصول میں ضروری معلومات و معاونت فراہم کرنے کے لیے تمام اسسٹنٹ کمشنرز دفاتر میں بھی رہنمائی ڈیسک قائم کریں گے۔ اسسٹنٹ کمشنرز کو مزید ہدایت کی گئی ہے کہ وہ پیٹرول پمپس پر موجود رہیں اور شہریوں کو سبسڈی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13

مہنگائی نے عام آدمی کی مشکلات میں اضافہ کر دیا' رضوان نیازی

پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ عوام پر معاشی بوجھ بڑھا رہا ہے

حکومت عوام کو حقیقی ریلیف فراہم کرے' پی ٹی آئی سندھ کے ایڈیشنل جنرل سیکریٹری

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) سندھ کے ایڈیشنل جنرل سیکریٹری رضوان نیازی نے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مسلسل اضافے اور بڑھتی مہنگائی پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایندھن کی قیمتوں میں اضافہ براہ راست عام آدمی کی زندگی اور گھریلو بجٹ کو متاثر کرتا ہے۔ ایک بیان میں رضوان نیازی نے کہا کہ پیٹرولیم مصنوعات مہنگی ہونے سے ٹرانسپورٹ کے کرایوں، اشیائے خورونوش، سبزیوں، پھلوں اور دیگر روزمرہ

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14

تعمیراتی کام کے معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ برداشت نہیں کیا جائیگا

ڈی جی KDA

ڈائریکٹر جنرل کے ڈی اے زین العابدین انصاری کا حکومت سندھ کے تعاون سے جاری مختلف ترقیاتی اسکیموں کا دورہ، ترقیاتی کاموں کا جائزہ

منصوبے کے مختلف حصوں کا جائزہ لیتے ہوئے تعمیراتی کام کے معیار، رفتار اور پیش رفت سے متعلق متعلقہ افسران سے بریفنگ حاصل کی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ڈائریکٹر جنرل ادارہ ترقیات کراچی زین العابدین انصاری نے حکومت سندھ کے تعاون سے جاری کے ڈی اے کے زیر نگرانی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4

پروفیسر ڈاکٹر افضل حق کو ایکسیلنس ایوارڈ سے نواز دیا گیا

پاکستان چیمبر ٹریڈ فیڈریشن کا اعزاز، علمی خدمات اور تعلیم کے فروغ میں کردار کو سراہا گیا

پروفیسر ڈاکٹر محمد افضل حق کو شاندار علمی خدمات پر ایکسیلنس ایوارڈ پیش کیا گیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی جیم خانہ میں منعقدہ پروقار تقریب میں سر سید یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر محمد افضل حق کو پاکستان چیمبر ٹریڈ فیڈریشن کی جانب سے "ایکسیلنس ایوارڈ" سے نوازا گیا۔ یہ اعزاز ان کی شاندار علمی خدمات، غیر معمولی قیادت اور تعلیم کے فروغ میں نمایاں کردار کے اعتراف میں دیا گیا۔ تقریب میں پروفیسر ڈاکٹر افضل حق کی گزشتہ برسوں میں شعبہ تعلیم میں نمایاں خدمات کو خراج پیش کیا گیا، جنہوں نے بہ صرف

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3



ڈائریکٹر جنرل کے ڈی اے زین العابدین انصاری کا حکومت سندھ کے تعاون سے جاری مختلف ترقیاتی اسکیموں کا دورہ کر رہے ہیں

علامہ اقبال کالج میں میری داستانِ حیات، نوشابہ صدیقی کارنر کا افتتاح

مہمانِ خصوصی معروف نثر و خاکہ نگار، ماہر تعلیم اور سابق پرنسپل پروفیسر نوشابہ صدیقی تھیں

مشاہدات بیان کرتے ہوئے طلبہ کو مشکلات کا مقابلہ کرتے ہوئے آگے بڑھنے کا پیغام دیا۔

کراچی (اسٹاف رپورٹر) علامہ اقبال گورنمنٹ ڈگری کالج ایئنگ ماڈل کالونی کراچی میں میری داستان حیات کے سلسلے کا آٹھواں پروگرام منعقد ہوا، جس کی مہمان خصوصی معروف نثر و خاکہ نگار، ماہر تعلیم اور سابق پرنسپل پروفیسر نوشابہ صدیقی تھیں۔ پروفیسر نوشابہ صدیقی نے اپنی زندگی، تدریسی سفر، جدوجہد اور تجربات و مشاہدات بیان کرتے ہوئے طلبہ کو مشکلات کا مقابلہ کرتے ہوئے آگے بڑھنے کا پیغام دیا۔ تقریب میں ان کے کئی دہائیوں پرانے شاگردوں سمیت کالج کے سابق و موجودہ اساتذہ اور طلبہ نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ مقررین نے پروفیسر نوشابہ صدیقی کی علمی، ادبی اور تدریسی خدمات کو خراج تحسین پیش کیا۔ کالج کے پرنسپل پروفیسر علی شیر کھاکھرو نے معزز مہمانوں کا شکریہ ادا کیا اور پروفیسر نوشابہ صدیقی کو اجرک پیش کی۔ تقریب کا اہم مرحلہ کالج کی لائبریری میں پروفیسر

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5



سینئر صحافی اسرار رحیمی کے بڑے بھائی الیاس رحیمی مرحوم کیلئے دعائے مغفرت کیلئے آنیوالے صحافیوں میں سینئر صحافی سید تحسین کمال، طاہر ملک بھائی، اسلم محمود دھلوی بھائی، امجد قریشی بھائی، محمد عمران، عبدالخطیب، حسان شبیر، عبدالغفار کریمی، عتیق الرحمن، محمد یسین، محمد اقبال رحیمی، و دیگر احباب کا گروپ فوٹو

93 طلبہ کے MDCAT میں بیٹھنے پر پابندی کا امکان

بورڈز کے میٹرک رزلٹ اسکینڈل پر بڑی کارروائی

ایسے طلبہ کے ریکارڈ کی جانچ کی جا رہی ہے جنہیں اصل امتحانی نتائج میں فیل قرار دیا گیا تھا تاہم مبینہ طور پر مشکوک نتائج کے ذریعے اہل ظاہر کیا گیا

زیر جانچ فہرست میں 93 طلبہ شامل ہیں، جن میں احمد بشیر، مومن خان، عائشہ آصف، بشریٰ احمد اور سدرہ شکیل کے نام بھی بتائے جا رہے ہیں' ذرائع

کراچی (اسٹاف رپورٹر) اینٹی کرپشن حکام کی جانب سے تعلیمی بورڈز کے ریکارڈ میں مبینہ ردوبدل اور نتائج میں بے ضابطگیوں کے معاملے پر کارروائی تیز کر دی گئی ہے۔ ذرائع کے مطابق ایسے طلبہ کے ریکارڈ کی جانچ کی جا رہی ہے جنہیں اصل امتحانی نتائج میں فیل قرار دیا گیا تھا، تاہم مبینہ طور پر تبدیل شدہ و مشکوک نتائج کے ذریعے MDCAT کے لیے اہل ظاہر کیا گیا۔ ذرائع کا دعویٰ ہے کہ زیر جانچ فہرست میں 93 طلبہ شامل ہیں، جن میں احمد بشیر، مومن خان، عائشہ آصف، بشریٰ احمد اور سدرہ شکیل کے نام بھی بتائے جا رہے ہیں۔ ذرائع کے مطابق مذکورہ فہرست میں شامل طلبہ کو 20 ستمبر 2026 کو ہونے والے MDCAT میں شرکت سے روکے جانے کا امکان ہے، جب تک ان کے تعلیمی نتائج اور اہلیت کی مکمل

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6



بڑے صوبوں میں انتظامی مسائل کے حل کیلئے نئے صوبے ضروری ہیں

محمد صادق شیخ

بڑے صوبوں میں اکثر عوامی مسائل نظر انداز ہونے سے تعلیم، صحت، انصاف اور روزگار سمیت بنیادی سہولتوں تک رسائی متاثر ہوتی ہے

صوبوں کی تعداد بڑھانے کا مقصد سیاسی تقسیم نہیں بلکہ عوامی مسائل کا فوری حل ہے' انتظامی ڈھانچے کو بہتر بنانے سے عوام کو یکساں توجہ مل سکتی ہے' مسلم لیگ ق رہنما

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ (ق) کی مرکزی مجلس عاملہ کے رکن محمد صادق شیخ نے کہا ہے کہ بڑھتی ہوئی آبادی کے باعث بڑے صوبوں کا انتظام مؤثر انداز میں چلانا مشکل ہو گیا ہے، اس لیے عوام کو بہتر انتظامی سہولتیں فراہم کرنے کیلئے نئے صوبوں کے قیام پر غور کیا جانا چاہیے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ صوبوں کی تعداد میں اضافہ ملکی وحدت کو متاثر نہیں کرے گا، بلکہ انتظامی ڈھانچے کو بہتر بنانے سے عوام کو یکساں توجہ، فوری سہولتیں اور بنیادی حقوق کے بہتر تحفظ میں مدد مل سکتی ہے۔ محمد صادق شیخ نے کہا کہ بڑے صوبوں میں اکثر عوامی مسائل نظر انداز ہونے سے تعلیم، صحت، انصاف اور روزگار سمیت بنیادی سہولتوں تک رسائی متاثر ہوتی ہے۔ نئے انتظامی یونٹس کے قیام سے ان مسائل کے حل اور عوام کو سہولتوں کی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15

پاکستان مسلم لیگ ن ہاؤس کارساز پر لیبر ونگ سندھ کا اہم اجلاس

تمام عہدیداران پارٹی اور لیبر ونگ کی تنظیمی سرگرمیوں میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں گے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ (ن) لیبر ونگ سندھ کا اہم اجلاس مسلم لیگ (ن) ہاؤس کارساز میں منعقد ہوا، جس میں نئے پی ایل ایف کی تنظیمی سرگرمیوں، شاندار کامیابی حاصل کرنے پر نومنتخب عہدیداران اور کارکنان کو مبارکباد پیش کی گئی۔ اجلاس میں صدر لیبر ونگ سندھ ملک عبدالرحیم اعوان، سینئر نائب صدر غلام باری، ڈپٹی جنرل سیکریٹری ممتاز سندھو، کراچی ڈویژن کے صدر مجیب الحق، سینئر نائب صدر ڈاکٹر احمد رامدیا، کوآرڈینیٹر لیبر ونگ سندھ فرید سمیت دیگر عہدیداران اور کارکنان نے بھرپور شرکت کی۔ اس موقع پر پی پی ایل کو منتخب ہونے پر یونس صاحب کی قیادت میں اجلاس میں شرکت کی۔

کراچی کے تاجر اور شہری روزانہ جرائم کا سامنا کر رہے ہیں

ارسلان خالد

پی ٹی آئی سندھ پولیس اہلکاروں کی منتقلی کے فیصلے کیخلاف ہر فورم پر آواز اٹھائیگی' سندھ پولیس کے 2 ہزار اہلکار اسلام آباد بھیجنے پر ارسلان خالد کا ردعمل

کراچی میں اسٹریٹ کرائم کے باوجود پولیس کی منتقلی شہریوں کو غیر محفوظ کرنے کے مترادف ہے، جنرل سیکریٹری پی ٹی آئی کراچی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف کراچی کے جنرل سیکریٹری ارسلان خالد نے سندھ پولیس کے 2 ہزار اہلکاروں کو اسلام آباد منتقل کرنے کے معاملے پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ کراچی میں اسٹریٹ کرائم کی صورتحال کے باوجود پولیس اہلکاروں کو وفاقی دارالحکومت بھیجنے کا فیصلہ شہریوں کے لیے مشکلات میں اضافے کا باعث بن سکتا ہے۔ اپنے بیان میں ارسلان خالد نے الزام عائد کیا کہ سندھ پولیس کو اسلام آباد میں پی ٹی آئی کے احتجاج سے متعلق ڈیوٹیوں کے لیے استعمال کیا جا رہا ہے، جبکہ کراچی اور سندھ کے دیگر علاقوں میں امن و امان کی صورتحال پہلے ہی تشویشناک ہے۔ انہوں نے کہا کہ کراچی کے شہری ٹیکس ادا کرتے ہیں اور انہیں اپنی جان و مال کے تحفظ کے لیے پولیس کی ضرورت ہے۔ ایسے میں 2 ہزار اہلکاروں کی منتقلی کا جواز واضح کیا جانا چاہیے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16

130 واں مفت آئی میڈیکل کیمپ 20 ستمبر کو حاجی شیر محمد گوٹھ ملیر میں ہوگا، زاہد رحیم

موتیا کے آپریشن بمعہ امریکن لینس سمیت مختلف طبی سہولیات مفت فراہم کی جائیں گی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) خدمت عوام ویلفیئر آرگنائزیشن (رجسٹرڈ) کے بانی و چیئرمین زاہد رحیم نے کہا ہے کہ غریب اور مستحق افراد کو مفت طبی سہولیات کی فراہمی کا سلسلہ جاری رکھتے ہوئے 130 واں مفت آئی میڈیکل کیمپ 20 ستمبر بروز اتوار صبح 10 بجے سے دوپہر 2 بجے تک گورنمنٹ لوئر سیکنڈری اسکول حاجی شیر محمد گوٹھ، نزد درگاہ باوان شاہ، میر بڑی، ضلع ملیر کراچی میں منعقد ہوگا۔ انہوں نے بتایا کہ کیمپ عقیلہ لطیف میموریل اسپتال نارتھ کراچی کی زیر سرپرستی، باوان شاہ سوشل فورم ملیر کے تعاون، احسان ویلفیئر ڈویلپمنٹ آرگنائزیشن اور یسی لیبارٹری کے اشتراک

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7

کراچی سے ٹرین مارچ، سندھ میں فقید المثال استقبال ہوگا، کاشف سعید شیخ

پیٹرولیم لیوی ختم کر کے عوام کو ریلیف دیا جائے، حکمرانوں کی مراعات کم کرنے کی ضرورت ہے

عوام جماعت اسلامی کے ٹرین مارچ اور اسلام آباد دھرنے میں شرکت کریں' امیر جماعت اسلامی سندھ

کراچی/سکھر (اسٹاف رپورٹر) امیر جماعت اسلامی سندھ کاشف سعید شیخ نے کہا ہے کہ پیٹرولیم لیوی کے خلاف کراچی سے شروع ہونے والے ٹرین مارچ کا سندھ بھر میں فقید المثال استقبال کیا جائے گا اور اسلام آباد دھرنے کے لیے بڑی تعداد میں قافلے روانہ ہوں گے۔ جماعت اسلامی کا کہنا ہے کہ اس کی جدوجہد کسی ذاتی مفاد یا اقتدار کے حصول کے لیے نہیں بلکہ عوام کو ان کے حقوق دلانے کے لیے ہے۔ سکھر میں میران مرکز میں جماعت اسلامی ضلع سکھر کے ذمہ داران کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کاشف سعید شیخ نے کہا کہ پیٹرولیم لیوی عوام پر اضافی بوجھ ہے۔ ان کے بقول حکمران کفایت شعاری کی بات کرتے ہیں۔

ہراسانی کی روک تھام، سندھ کی تمام جامعات میں سی سی ٹی وی لگانے کا حکم

سندھ حکومت کراچی یونیورسٹی کو دیگر جامعات کے مقابلے میں سب سے زیادہ گرانٹ فراہم کرتی ہے

جامعات میں شکایتی سیل قائم، والدین مطمئن نہ ہوں تو محکمہ بھی تحقیقات کرتا ہے، اسماعیل راہو

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ کے وزیر جامعات و بورڈز محمد اسماعیل راہو نے کہا ہے کہ ہراسانی کے واقعات کی روک تھام کے لیے صوبے کی تمام جامعات میں سی سی ٹی وی کیمرے نصب کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔ سندھ اسمبلی کے اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے اسماعیل راہو نے کہا کہ صوبے کی جامعات میں ہراسانی کے خلاف شکایتی سیل قائم ہیں، ہراسانی کے واقعات کی ابتدائی تحقیقات متعلقہ یونیورسٹی میں کی جاتی ہیں، تاہم والدین تحقیقاتی عمل سے مطمئن نہ ہوں تو محکمہ بھی معاملے کی تحقیقات کرتا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ سندھ کی 30 جامعات میں 767 کیس اور کونسلرز موجود

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19



کراچی: جامعہ کراچی کے پروفیسر ایمریٹس پروفیسر عطاء الرحمٰن کے ہمراہ آغا خان یونیورسٹی میں منعقدہ SIMPAC 2026 کی سالانہ کانفرنس کے اختتام پر شرکاء کا گروپ فوٹو

نئے انتظامی یونٹس عوامی سہولت کیلئے ضروری ہیں، عمران بھاشانی

پاکستان مسلم الائنس کا محسن نقوی کے مؤقف کا خیر مقدم، شناختی کارڈ کے حصول میں مشکلات دور کرنے کا مطالبہ

ڈیلی: عمران بھاشانی نے اختیارات کی نچلی سطح تک منتقلی اور شہریوں کو مساوی حقوق دینے پر زور دیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان مسلم الائنس کے مرکزی سیکریٹری جنرل عمران بھاشانی نے وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کی جانب سے ملک میں نئے صوبوں اور انتظامی یونٹس کے قیام سے متعلق حالیہ بیان کا خیر مقدم کرتے ہوئے اسے ایک مثبت پیش رفت قرار دیا ہے۔ مرکزی سیکریٹری جنرل نے اپنے ایک خصوصی بیان میں کہا کہ پاکستان مسلم الائنس کے چیئرمین امان اللہ پراچہ کے وژن اور پارٹی منشور کے مطابق موجودہ فرسودہ اور غیر مؤثر انتظامی نظام کی بحالی کے لیے اقتدار اور وسائل کی نچلی سطح تک منتقلی ناگزیر ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ نئے انتظامی یونٹس کی تشکیل کو سیاسی نظریات سے بالاتر ہو کر محض عوامی سہولت، منصفانہ نظام حکمرانی اور بنیادی خدمات کی آسان رسائی کے تناظر میں دیکھا جانا

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9

لاڑکانہ، قمبر اور شہدادکوٹ کیلئے پیپلز بس سروس کا نیا روٹ شروع

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سینئر وزیر سندھ شرجیل انعام میمن کی ہدایت پر لاڑکانہ، قمبر اور شہدادکوٹ کے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17

جولائی میں ایل ایس ایم کی 9.51 فیصد ماہانہ نمو خوش آئند ہے، میاں زاہد حسین

ٹیکسٹائل، فارما اور اسٹیل سمیت اہم شعبوں کی پیداوار میں کمی تشویشناک ہے، شعبہ وار حکمت عملی کی ضرورت ہے

جون 2026 میں ایل ایس ایم میں سالانہ بنیاد پر 3.48 فیصد کی ریکارڈ کی گئی تھی' صدر کراچی انڈسٹریل الائنس

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان بزنس مین اینڈ انٹیلیکچولز فورم اور آل کراچی انڈسٹریل الائنس کے صدر و نیشنل بزنس گروپ پاکستان کے چیئرمین میاں زاہد حسین نے کہا ہے کہ جولائی 2026 میں لارج اسکیل مینوفیکچرنگ (ایل ایس ایم) کی پیداوار میں ماہانہ بنیاد پر 9.51 فیصد اضافہ خوش آئند ہے، تاہم صنعتی بحالی کو پائیدار بنانے کے لیے بڑے برآمدی اور

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20

گورنر سندھ کی کوہاٹ پولیس لائن دھماکے کی شدید مذمت

کراچی (اسٹاف رپورٹر) گورنر سندھ محمد نہال ہاشمی نے کوہاٹ پولیس لائن میں ہونے والے دھماکے کی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18

گلبرگ ٹاؤن کے محکمہ تعلیم میں اصلاحات کے لیے اہم اجلاس

محکمہ تعلیم میں اصلاحات کے لیے اہم اجلاس، تعلیمی اداروں کی بہتری اور طلبہ کو جدید سہولیات کی فراہمی پر زور

ٹاؤن انتظامیہ تعلیم کے شعبے میں اپنی ذمہ داریوں کو بھرپور انداز میں ادا کرنے کی کوشش کر رہی ہے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) چیئرمین گلبرگ ٹاؤن نصرت اللہ کی زیر صدارت محکمہ تعلیم گلبرگ ٹاؤن کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ٹاؤن کے تعلیمی اداروں میں اصلاحات، تعلیمی معیار میں بہتری اور طلبہ کو بہتر سہولیات کی فراہمی کے حوالے سے مختلف امور کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں تعلیمی اداروں کی موجودہ صورتحال، اسکولوں میں بنیادی سہولیات، اساتذہ اور طلبہ سے متعلق امور، انتظامی معاملات، اسکولوں کی صفائی ستھرائی، عمارتوں کی دیکھ بھال اور تعلیمی سرگرمیوں کو مزید مؤثر بنانے کے حوالے سے تفصیلی گفتگو کی گئی۔ اس موقع پر محکمہ تعلیم کی کارکردگی کو مزید بہتر بنانے اور اداروں کی ضروریات کا باقاعدہ جائزہ لینے کے لیے مختلف تجاویز بھی زیر غور آئیں۔ چیئرمین گلبرگ ٹاؤن نصرت اللہ نے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8



پاکستان مسلم الائنس کے مرکزی سیکریٹری جنرل عمران بھاشانی موجودہ صورتحال پر ہونے والے اجلاس کے موقع پر سید عامر شاہ، ڈاکٹر انعم، ہمایوں اور دیگر کے ہمراہ گروپ فوٹو





چیئرمین گلبرگ ٹاؤن نصرت اللہ ایجوکیشن ڈپارٹمنٹ کے پرنسپلز کے ہمراہ ایک اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں